© rasailojaraid.com



آغا غیاث الرحمٰن انجم

# زبان میری ہے بات اُن کی

○ قومی اسمبلی میں بجٹ بحث کے دوران وزیر خزانہ اسحٰق ڈار نے یہ شعر پڑھا

حیات لے کے چلو کائنات لے کے چلو چلو تو سارے زمانے کو ساتھ لے کے چلو

وزیر خزانہ کو یہ شعر یوں پڑھنا چاہیے

حیات لے کے چلو کائنات لے کے چلو چلو تو سارے خزانے کو ساتھ لے کے چلو

○ پڑول پمپوں کو عوام کی جیبیں کاٹنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ (چیئرمین ٹاسک فورس پنجاب)

یہ فریضہ وہ خود انجام دیں گے۔

○ خواجہ ریاض احمد پارلیمانی سیکرٹری برائے داخلہ ایوان میں اپنی سیٹ پر آنکھیں بند کرکے سو گئے (ایک خبر)

خواجہ صاحب کی صحت اور ترقی کا راز ہی یہ ہے۔

○ میری ہزاروں گرل فرینڈز ہیں۔ جو میرے ساتھ وقت گذارنے کے لئے بے چین رہتی ہیں۔ میرے گھر کے سامنے لڑکیاں جمع رہتی ہیں۔ (پاکستان کے فاسٹ باؤلر شعیب اختر)

یہ ہیں ہمارے ملک کا نام روشن کرنے والے لال بجھکڑ ھیرو

○ تھانیدار عدالت میں جھوٹ بولنے سے باز نہ آیا، تین ہزار روپے جرمانہ۔ (ایک خبر)

جھوٹ بولنے کے لئے تھانہ اور تھانے کا پورا علاقہ کیا کافی نہ تھا۔

○ پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی وطن واپسی پر گندے انڈوں اور ٹماٹروں سے استقبال۔ (ایک خبر)

جواری، بدکار اور بدمعاش اسی کے مستحق ہیں۔

○ چیئرمین ضلع کونسل کے خلاف اغوا اور قتل کے تقریباً بیس اور چیئرمین احتساب کمیٹی کے خلاف قتل اور اغوا کے چودہ مقدمات ہیں۔ (ڈی۔ سی نارووال)

راہ زن خضر راہ کی قبا چھین کر راہ نما بن گئے دیکھتے دیکھتے

○ کراچی اور نارووال میں میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوسوں میں دو مذہبی گروپوں کا آپس میں تصادم اور فائرنگ۔ (ایک خبر)

خدا کے نام پر دست و گریبان ہیں خدا والے بہت کچھ ہیں جہاں ذکرِ خدا خوفِ خدا کم ہے

○ پاکستان کو پڑھی لکھی متبادل قیادت کی ضرورت ہے (احمد رضا قصوری، مسلم لیگ)

کیا آپ جاہل ہیں؟

○ دس سال میں خزانے سے بیس ملین پونڈ زائد حاصل کرنے پر ملکہ برطانیہ پر چانسلر کا اعتراض۔ (ایک خبر)

ملکہ برطانیہ پاکستان کا راجہ یا، رانی ہوتیں تو اس حرکت پر کوئی نہ پوچھتا

○ تم لوگوں نے مجھے مروادیا۔ (زرداری ناہید خاں پر برس پڑے

آپ کو نہ مرواتے تو پھر خود مرتے۔

© rasailojaraid.com